# صلیب احمر کے ساتھ تیار رہیں

## طوفان باد و باراں سے حفاظت کی جانچ فہرست

**طوفان باد و باراں وہ شدید طوفان ہیں جو زندگی اور جائیداد کے لیے خوفناک خطرات کا باعث بنتے ہیں جیسے سیلاب، طوفانی لہریں، تیز ہوائیں اورجھکڑ۔**

**طوفان باد و باراں کے خطرے سے بچنے کےلیے تیاری ہی بہترین حفاظت ہے۔**

### فرق جانیں

**طوفان باد و باراں کی نگرانی**—48 گھنٹوں کے اندر طوفان باد و باراں کے حالات کا خطرہ ہے۔ اپنے طوفان با و باراں کے منصوبوں کا جائزہ لیں، معلومات رکھیں اور اگر اطلاع جاری کی جائے تو عمل درآمد کے لیے تیار رہیں۔

**طوفان باد و باراں کی اطلاع**—36 گھنٹوں کے اندر طوفان باد و باراں کے حالات متوقع ہیں۔ اپنی طوفان کی تیاریاں مکمل کریں اور اگر حکام کی جانب سے ہدایت دی جائے تو علاقہ چھوڑ دیں۔

### مجھے کیا کرنا چاہیے؟



- ❑ اہم معلومات کے لیےقومی موسمیاتی خدمت (NWS) سے NOAA موسمیاتی ریڈیو سنیں۔
- ❑ اپنی تباہی کی امدادی ترسیلات کی جانچ کریں اور اگر ضرورت ہو تو انہیں تبدیل کریں یا ان کا دوبارہ ذخیرہ کریں۔
- ❑ ہر وہ چیز منتقل کردیں جسے ہوا اٹھا کر لے جاسکتی ہے (بائیسائیکلز، صحن کا فرنیچر)۔
- ❑ کھڑکیاں، دروازے اور طوفان باد و باراں کے شٹرز بند کردیں۔ اگر آپ کے پاس طوفان باد و باراں کے شٹرز نہیں ہیں، کھڑکیاں اور دروزے بند کردیں اور ان پر پلائی وڈ کے بورڈ لگادیں۔
- ❑ ریفریجریٹر اور فریزر کو ٹھنڈی ترین ترتیب پر رکھیں اور جتنا ممکن ہو ان کو بند رکھیں تاکہ بجلی جانے کی صورت میں کھانا زیادہ دیر تک باقی رہ سکے۔
- ❑ پروپین کی ٹینکیاں بند کردیں اور چھوٹے آلات کی تاریں نکال دیں۔
- ❑ اپنی گاڑی کا گیس ٹینک بھروالیں۔
- ❑ اپنے خاندان کے افراد سے بات کریں اور اخراج کا ایک منصوبہ بنائیں۔ اپنے اخراج کا منصوبہ بنانا اور اس کی مشق کرنا واقعہ کے وقت تذبذب اور ڈر کو کم کرتا ہے۔
- ❑ کمیونٹی کے طوفان باد و باراں کے ردعمل منصوبے کے بارے میں جانیں۔ مقامی پناہ گاہوں تک راستوں کا منصوبہ بنائیں، خصوصی طبی ضروریات رکھنے والے خاندان کے افراد کے اندراج کرائیں اور اپنے پالتو جانوروں کی حفاظت کا منصوبہ بنائیں۔
- ❑ اگر حکام کی جانب سے کہا جائے تو جگہ خالی کردیں۔ سیلابی سڑکوں اور ٹوٹے ہوئے پلوں سے بچنے کی احتیاط کریں۔
- ❑ کیونکہ معیاری گھریلو مالکان کے بیمہ جات سیلاب کا احاطہ نہیں کرتے، آندھیوں، گرم خطے کے طوفانوں، شدید بارشوں اور امریکہ کو متاثر کرنے والے دیگر حالات سے منسلک سیلابوں سے حفاظت اہم ہے۔ سیلاب کے بیمہ پر مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی **www.floodsmart.gov** پر قومی سیلاب بیمہ پروگرام کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### مجھے کن ترسیلات کی ضرورت ہے؟



- ❑ پانی – کم از کم 3 دن کی ترسیل؛ ہر روز کے لیے فی کس ایک گیلن
- ❑ کھانا – کم از کم 3 دن کا خراب نہ ہونے والا، آسانی سے تیار ہونے والے کھانے کی ترسیل
- ❑ تیز روشنی
- ❑ بیٹری سے چلنے والا یا ہاتھ سے چلنے والا ریڈیو (اگر ممکن ہو تو، NOAA موسمیاتی ریڈیو)
- ❑ اضافی بیٹریاں
- ❑ ابتدائی طبی امداد کا بستہ
- ❑ ادویات (7 – دن کی ترسیل) اور طبی اشیاء (بصری امدادیں بمعہ اضافی بیٹریاں، عینکیں، کانٹیکٹ لینزز، سوئیاں، چھڑی)
- ❑ کثیرالمقاصد اوزار
- ❑ صفائی اور ذاتی حفظان صحت کی اشیاء
- ❑ ذاتی دستاویزات کی نقول (ادویات کی فہرست اور مناسب طبی معلومات، پتہ کا ثبوت، دستاویز انتقال/ گھر کا کرایہ نامہ، پیدائش کے سرٹیفکیٹ، بیمہ پالیسیاں)
- ❑ موبائل فونز بمعہ چارجرز
- ❑ خاندانی اور ہنگامی حالات کے رابطوں کی فہرست
- ❑ اضافی رقم
- ❑ ہنگامی حالت کے کمبل
- ❑ علاقہ کا نقشہ (نقشے)
- ❑ بچوں کا سامان (بوتلیں، نسخہ، بچوں کا کھانا، ڈائپرز)
- ❑ پالتو جانوروں کا سامان (پٹا، زنجیر، شناخت، خوراک، بار بردار، پیالہ)
- ❑ اپنے گھر کی حفاظت کے لیے اوزار/ سامان
- ❑ گھر کی چابیوں اور گاڑی کی چابیوں کا اضافی گچھا
- ❑ اضافی کپڑے، ٹوپی اور مضبوط جوتے
- ❑ برساتی
- ❑ کیڑوں کو بھگانے کا آلہ اور سن اسکرین
- ❑ نقصان کی تصاویر کے لیے کیمرہ

### طوفان باد و باراں کے بعد مجھے کیا کرنا ہے؟



- ❑ تازہ ترین معلومات کے لیے NOAA موسمیاتی ریڈیو یا مقامی خبریں سنتے رہیں۔
- ❑ آندھی یا گرم خطے کا طوفان رکنے کے بعد بھی اضافی بارش اور اس کے نتیجے میں آنے والے سیلاب سے ہوشیار رہیں۔
- ❑ اگر آپ نے علاقہ چھوڑدیا ہو تو، صرف اس وقت گھر واپس آئیں جب حکام اسے محفوظ قرار دے دیں۔
- ❑ صرف ضرورت کی حالت میں گاڑی چلائیں اور سیلابی سڑکوں اور بہہ جانے والے پلوں سے اجتناب کریں۔
- ❑ بجلی کی ڈھیلی یا لٹکتی ہوئی تاروں سے دور رہیں اور فوراً بجلی کے ادارے کو اطلاع دیں۔
- ❑ کسی بھی ایسی عمارت سے دور رہیں جس کے اردگرد پانی ہو۔
- ❑ نقصانات کے لیے اپنے گھر کا معائنہ کریں۔ بیمہ کے مقصد کے لیے، عمارت کے اندر اور باہر دونوں کے نقصانات کی تصویریں لیں۔
- ❑ اندھیرے میں تیز روشنی استعمال کریں۔ موم بتیاں استعمال نہ کریں۔
- ❑ ٹونٹی کے پانی کو پینے یا اس سے کھانا پکانے سے اجتناب کریں جب تک آپ کو یہ یقین نہ ہوجائے کہ یہ آلودہ نہیں ہے۔
- ❑ ریفریجریٹر میں رکھے گئے کھانے کی خراب ہونے کے لیے جانچ کریں۔ اگر شک ہو تو، اسے باہر پھینک دیں۔
- ❑ صفائی کرتے وقت چوٹ سے بچنے کے لیے حفاظتی کپڑے پہنیں اور محتاط رہیں۔
- ❑ جانوروں کا خاص خیال رکھیں اور انہیں اپنی براہ راست نگرانی میں رکھیں۔
- ❑ ٹیلی فون کو صرف ہنگامی کالوں کے لیے استعمال کریں۔

### اپنے خاندان کو یہ باور کرائیں کہ آپ محفوظ ہیں

اگر آپ کی کمیونٹی ایک تباہی سے گزری ہے، امریکی صلیب احمر محفوظ اور بہتر کی ویب سائٹ پر اپنا اندراج کرائیں جو بذریعہ **redcross.org/safeandwell** دستیاب ہے، تاکہ آپ کے خاندان اور دوستوں کو آپ کی خیروعافیت کا پتا چل جائے۔ آپ اپنے یا اپنے خاندان کے اندراج کے لیے **1-800-RED-CROSS (1-800-723-2767)** پر فون بھی کرسکتے ہیں۔

تباہی اور ہنگامی حالت میں تیاری کے بارے میں مزید معلومات کےلیے، ملاحظہ کریں **redcross.org**.

American Red Cross

حق اشاعت 2009 © منجانب امریکی قومی صلیب احمر